मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY
پارلیمانی ایکٹ کے تحت ۱۹۹۸ء میں قائم شدہ مرکزی جامعہ
NAAC سے 'A' گریڈ تصدیق شدہ

ڈاکٹر ایم اے سکندر
مسجّل

نمبر: مانو/ایف اینڈ اے/ر جے ای ایم/2019-20/136 — 9/اگست 2019

گشتی

یہ بات مشاہدہ میں آئی ہے کہ جیم (GeM) پورٹل، یونیورسٹی کے خلاف واجباتِ ادائیگی دکھارہی ہے اور وزارت فروغ انسانی وسائل نے اس کا سنگین نوٹ لیا ہے۔

لین دین کا جائزہ لینے پر یہ پتہ چلا کہ جیم پورٹل پر فروخت کنندہ کو پہلے ہی ادائیگی ہوچکی ہے لیکن یونیورسٹی کے چند خریدار ادائیگی کی سفارش سے پہلے جیم پورٹل پر بل تیار نہیں کررہے ہیں جس کے نتیجے میں جیم پورٹل پر یونیورسٹی کی طرف سے ''ادائیگی واجبات'' دکھایا جارہا ہے۔ اس سلسلے میں، جیم پورٹل پر بقایا آن لائن بلوں (340 نمبرس) کو پراسیس کرنے یونیورسٹی کے تمام خریداروں کو پہلے ہی ای میل کے ذریعہ آگاہ کیا جاچکا ہے تاکہ ایف اینڈ اے فروخت کنندوں کو پہلے ہی ادا کردہ رقومات کی تفصیلات اپلوڈ کرسکے۔

اس پراسیس کی عدم تکمیل سے وزارت فروغ انسانی وسائل اور جیم فروخت کنندوں کی نظر میں یونیورسٹی کی شبیہ بگڑ رہی ہے، جسے سنجیدگی سے دیکھا جارہا ہے۔ تمام خریداروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ بل کی ادائیگی کی سفارش کرنے سے قبل جیم پورٹل پر بتائے گئے تمام طریقہ کار اور خریدی احکام کے شرائط وضوابط (بشمول ایل ڈی فقرہ) پر سختی سے عمل کریں اور اس کی تصدیق آفس نوٹنگ کے ذریعہ کریں۔ جیم طریقہ کار پر عدم عمل آوری خریدار کی نجی ذمہ داری ہوگی۔ اس سے انحراف سنگین تصور کیا جائے گا اور ضروری کاروائی کی جائے گی۔

مسجّل

بملاحظہ:

تمام متعلقہ

نقل برائے:

1. دفاتر وائس چانسلر/ پرووائس چانسلر/افسر مالیہ
2. ڈائرکٹر سی آئی ٹی، ویب سائٹ پر اپ لوڈ کے لیے
3. متعلقہ مسل
4. پی آر او۔ ہندی افسر۔ برائے اردو/ہندی ترجمہ